ٹینڈر فارم فیس -/2000 روپے نا قابل واپسی

# شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے

# سائیکل، موٹر سائیکل، سکوٹر اور کار و جیپ وغیرہ

سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان برائے سال 2024-25

| | | |
|---|---|---|
| ٹینڈر جمع کرانے کی آخری تاریخ | 30-07-2023 | 09:30 بجے صبح تک |
| ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: | 30-07-2023 | 10:00 بجے دن |
| اوپن بولی | 30-07-2023 | 12:00 بجے دن |

زرضمانت: مبلغ -/1,000,000 روپے کال ڈیپازٹ (مبلغ دس لاکھ روپے)

سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان کا ٹھیکہ برائے سال 2024-25 درج ذیل شرائط کے تحت دیا جائے گا۔

1. ٹھیکہ برائے سال 2024-25 کیلئے ٹھیکہ کی منظوری کی چٹھی میں درج تاریخ سے 30-06-2025 تک کی مدت کیلئے ہوگا جس میں طے شدہ شرائط اور اچھی کارکردگی کی بنیاد پر مزید دو سال تک کی توسیع (سالانہ بنیادوں پر) دی جا سکتی ہے۔
2. نیلام عام میں حصہ لے کر بولی دینے کے خواہشمند افراد بولی دہندگان شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ مکمل پر کر کے وقت و تاریخ مقررہ پر دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان میں جمع کروا کر اپنی رجسٹریشن کروانے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر وہ نیلام عام مذکورہ میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔
3. بولی دہندگان شرائط نامہ نیلام عام وٹھیکہ کے رجسٹریشن فارم میں اپنا نام و پتہ و دیگر کوائف درج کرنے کے پابند ہوں گے۔
4. بولی دہندگان کے مشروط ومشکوک بولی/پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔
5. نیلام عام میں بولی دہندہ کسی وجہ سے بھی اپنی بولی/پیشکش واپس لینے یا اس میں ترمیم کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔
6. نیلام عام میں حصہ لینے اور بولی/پیشکش دینے کا مطلب ہوگا کہ بولی دہندہ شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ کی تمام شرائط سے باخبر اور کلی طور پر واقف ہے اور تمام شرائط کا پابند ہوگا۔
7. نیلام عام کے درمیان بولی دہندگان کسی شور شرابہ لڑائی جھگڑا اور ایسے تمام امور سے اجتناب کریں۔ جن کی وجہ سے نیلام عام میں خلل پیدا ہونے کا خدشہ ہو، بصورت دیگر ایسے بولی دہندگان کو کمرہ نیلام عام میں بیٹھنے یا بولی دینے کی اجازت نہ ہوگی۔
8. میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان بغیر کوئی وجہ بتائے نیلام عام کے وقت تاریخ اور مقام کو تبدیل کرنے کا مجاز ہوگا۔
9. میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازیخان بغیر کوئی وجہ بتلائے کسی بھی بولی پیشکش کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔
10. نیلام عام میں حصہ لینے والے بولی دہندگان مبلغ /1,000,000 روپے دس لاکھ بطور زرضمانت بنام میڈیکل

سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازیخان کسی بھی شیڈول بنک میں جمع کروا کے رسید کال ڈیپازٹ ہمراہ رجسٹریشن فارم/شرائط نامہ نیلام ٹھیکہ سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر نیلام عام برائے ٹھیکہ سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ میں حصہ لینے پیشکش کرنے یا بولی دینے کا اہل نہ ہوگا۔

11۔ ٹھیکیدار اپنے خرچہ پر سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ کے کم از کم چار بورڈ 2x3 فٹ رنگ سیاہ ایسی لکھائی جو اندھیرے میں چمکتی ہو پر مقرر کردہ ریٹ لکھوا کر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔

12. ٹھیکیدار حکومت کے مقرر کردہ ریٹس کے مطابق پارکنگ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا زائد وصول کرنے کی صورت میں جرمانہ کیا جائے گا جو کہ 05 ہزار روپے فی خلاف ورزی کے حساب سے وصول کیا جائے گا اور متعدد مرتبہ اوور چارجنگ کی صورت میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کردے۔

13۔ ٹھیکیدار اسٹینڈ مزکورہ پر کھڑی ہونے والی سائیکل وموٹر سائیکل، کار، جیپ، فلائنگ کوچ اور وین وغیرہ کی بمعہ ان کے متعلقہ اشیاء کی حفاظت اور چوری وغیرہ سے بچاؤ کا ذمہ دار ہوگا۔

14۔ مذکورہ اسٹینڈ سے کسی بھی وجہ سے گم ہوجانے / تبدیل ہوجانے یا چوری ہوجانے والی کار، جیپ، فلائنگ کوچ، وین، موٹر سائیکل، سکوٹر اور سائیکل وغیرہ کے مالکان کو ٹھیکیدار 07 یوم کے اندر گم شدہ اشیاء سائیکل، موٹر سائیکل، سکوٹر، کار و دیگر وہیکل وغیرہ کی قیمت ادا کرنے کا پابند ہوگا اور اس سلسلہ میں ہسپتال انتظامیہ کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔

15۔ اراکین سوشل ویلفیئر سوسائٹی سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی ومیڈیکل کالج ڈیرہ غازیخان اور اس سے متعلقہ شعبوں، اداروں کے ملازمین سائیکل وموٹر سائیکل، کار، جیپ، فلائنگ کوچ اور وین وغیرہ پارک کرنے کا کرایہ / معاوضہ نہ لیا جائے۔

16۔ بولی دہندگان رجسٹریشن فارم شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈیرہ غازی خان کے ہمراہ درج ذیل دستاویزات لگانے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر نیلام عام برائے ٹھیکہ سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان میں حصہ/بولی/پیشکش دینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

(۱) اصل رسید کال ڈیپازٹ۔

(۲) قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔

(۳) فرم کی صورت فرم/کمپنی کی رجسٹریشن اور قواعد وضوابط کی مصدقہ نقل اور حصہ داران کے کوائف۔

(۴) مالی حیثیت کا ثبوت (Annual Turn Over / Transactions)

(۵) ٹھیکیدار NTN کا ثبوت واضح کرے گا۔ (بینک سٹیٹمنٹ) کم از کم پچاس لاکھ روپے (5 ملین) سے کم نہیں ہونی چاہیے۔

CamScanner

17۔ ٹھیکیدار اپنے لوگوں کے بیٹھنے کے لئے اپنے خرچ پر جگہ بنائے گا اور اس خرچ کی رقم ٹھیکہ کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

18۔ ٹھیکیدار اپنے خرچ سے شیڈ / گرین فائبر کا شیڈ سائیکل وموٹر سائیکل اور کار جیپ وغیرہ کو دھوپ سے بچانے کے لیے بنوائے گا۔

19۔ مبلغ-/100 روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی اور یہ کہ ٹینڈر دہندہ خود اور نہ ہی اس کا کوئی حصہ دار یا ملازم یا مختیار کار کسی حکومت محکمہ سے بلیک لسٹ / باقیدار رہے ہیں اور نہ اس وقت ہیں اور نہ ہی کسی سزا یافتہ یا دیوالیہ رہے ہیں اور نہ اس وقت ہیں۔

20۔ سب سے زیادہ بولی دینے بولی دہندہ کی مجاز اتھارٹی سے منظوری کی صورت میں بولی دہندہ مذکورہ کو پارکنگ اسٹینڈ کا ٹھیکہ دے دیا جائیگا۔

21۔ کسی بھی وجہ سے ٹھیکہ منسوخ ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کو ہسپتال انتظامیہ کے پاس جمع شدہ زرضمانت سالانہ زرٹھیکیدار ودیگر رقومات اور پیشگی بحق سرکار ضبط کرلیا جائیگا اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

22۔ ٹھیکہ کے اختتام کے صورت میں ٹھیکیدار 30-06-2025 بارہ بجے شب میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازیخان کے مقرہ کردہ معیاد کے اندر سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ خالی کرنے کا پابند ہوگا یہ ٹھیکہ کے کسی وجہ سے منسوخ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کی منسوخی کے 24 گھنٹے کے اندر یا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان کی مقررہ معیاد میں سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ خالی کر دینے کا پابند ہوگا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان کے کسی قسم کے اقدامات کے خلاف کوئی اپیل یا عدالتی وقانونی چارہ جوئی نہ کی جاسکے گی۔

23۔ ملازمین، صحافی، وکلا اپنی گاڑیاں / موٹر سائیکل صرف طے شدہ سٹینڈ پر کھڑے کونے کے پابند ہوں گے۔

24۔ ٹھیکیدار سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ میں سائیکل وکار پارک کروانے کا مجاز ہوگا۔ مقرر کردہ جگہ کے علاوہ سائیکل اسٹینڈ لگانے یا لگوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ خلاف ورزی کرنے والے ٹھیکیدار کا ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کر دیا جائے کا معیاد ٹھیکہ کے اندر اگر انتظامیہ کسی بھی قسم کی پارکنگ کے انتظام میں تبدیلی کرتی ہے تو ٹھیکیدار انتظامیہ سے تعاون کا پابند ہوگا۔ عدم تعاون کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور یہ عمل کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔

25۔ ٹھیکیدار تمام سٹینڈ پر صفائی کا خاص اہتمام کرے گا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان صفائی نہ کرنے پر مبلغ-/10,000 روپے جرمانہ کر سکے گا۔

26۔ دوران ٹھیکہ اگر کوئی ٹھیکیدار خود ملازم میں سے کوئی بھی بلیک لسٹ / حکومت کا باقیدار سزا یا قید ہو جائے یا حکومت کے کسی ادارہ سے مقدمہ بازی میں ملوث ہو جائے تو ٹھیکہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

27۔ ٹھیکیدار یا اس کے کسی کارکن / مختار کار کے کسی غیر اخلاقی وغیرہ قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر فوری طور پر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا

28۔ اسٹینڈ میں کسی طرح بھی شور وغل کرنے یا میوزک بجانے کی اجازت نہ ہوگی۔

29۔ ٹھیکیدار منظور شدہ کرایہ نامہ کے مطابق ہی سائیکل وموٹر سائیکل اسٹینڈ وکار جیپ پارکنگ کا کرایہ وصول کرنے کا پابند ہوگا بصورت ودیگر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان یا اس کے مقرر کردہ افسر مجاز / مقرہ کردہ افراد کو حق حاصل ہوگا کہ ٹھیکیدار کو جرمانہ عائد کر دے۔ ٹھیکیدار جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

CamScanner

30۔ انتظامیہ اپنی ضرورت کے مطابق ٹینڈر کی جگہ دوران ٹھیکہ کسی وجہ سے تبدیل کر سکتی ہے جس پر ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا اس کے لیے کوئی معاوضہ وغیرہ (Rebate) نہ دیا جائیگا۔

31۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان کی تحریری اجازت کے بغیر سٹینڈ کو بارہ گھنٹے سے زائد عرصہ کے لئے بند نہ کیا جائے گا خلاف ورزی کی صورت میں فی سٹینڈ مبلغ -/5000 روپے یومیہ جرمانہ یا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

32۔ ٹھیکیدار اپنے تمام عملہ/مختار کار/شریک کار کے ہر قسم کے قول وفعل کا ذاتی طور پر ذمہ دار ہوگا۔

33۔ ٹھیکیدار ہر سائیکل اسٹینڈ پر کام کرنے والے تمام عملہ وغیرہ کے مکمل کوائف تحریری طور پر اور ان کے قومی شناختی کارڈ کی مختار کار کا عدالتی رجسٹرڈ مختیار نامہ اور عملہ کے تین عدد فوٹو دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

34۔ اچھی کارکردگی کی بنیاد پر ٹھیکہ میں 2 سال تک توسیع دی جاسکتی ہے۔ ٹھیکیدار حسب سابق تمام شرائط پر عمل کرنے کا پابند ہو گا۔

35۔ ٹھیکیدار سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ جزوی طور پر یا کلی طور پر کسی دوسرے فرد، افراد یا فرم کو کرایہ یا ٹھیکہ پر دینے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسے کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے۔

36۔ ٹھیکیدار کا جمع شدہ زرضمانت ٹھیکہ کی تکمیل حسب فہمید کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دیا جائے گا بشرطیکہ ٹھیکیدار نے شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ میں درج تمام شرائط کی پابندی کی صورت دیگر بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

37۔ بولی دہندگان/ٹھیکیدار شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ درج شرائط وغیرہ کی تفصیل معلومات یا کسی قسم کی تشریح وشکایت کے لئے دفتری اوقات میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

38۔ کسی بھی وجہ سے ٹھیکہ منسوخ ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کا جمع زرضمانت زرٹھیکہ و دیگر رقومات کو بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

39۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کے عائد کردہ ٹیکس بشمول ایڈوانس انکم ٹیکس وغیرہ کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ ایوارڈ لیٹر کے فوراً بعد (تین دن کے اندر) ایڈوانس انکم ٹیکس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

40۔ ٹھیکیدار شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ اور معاہدہ ٹھیکہ کی تمام شرائط پر عمل کرنے کا ذمہ دار اور پابند ہوگا۔ بصورت دیگر اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

41۔ جمع شدہ زرضمانت میں کسی وجہ سے کم ہو جانے کی صورت میں ٹھیکیدار نوٹس ملنے کے تین دن کے اندر زرضمانت کی رقم پوری کرنے کا پابند ہوگا۔

42۔ ٹھیکیدار سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ پر سائیکل، موٹر سائیکل، سکوٹر وجیپ کھڑا کرنے والے افراد کو چھپا ہوا ٹوکن دینے کا پابند ہو گا۔ جس پر کرایہ واضح طور پر درج ہوگا۔ ٹوکن نمونہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے منظور کرانے کا پابند ہوگا۔

43۔ منظور ہونے پر کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار سالانہ ٹھیکہ کی رقم تین برابر اقساط بمعہ انکم ٹیکس ایڈوانس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

44۔ ٹھیکیدار انکم ٹیکس اور پنجاب سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے رولز کے مطابق ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

CS CamScanner

45۔ اگر 1st Highest ٹھیکیدار کسی بھی وجہ سے ٹھیکہ نہ لے سکا تو اس کی کال ڈیپازٹ بحق سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈی جی خان ضبط کر لی جائے گی اور فرم کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔ دوسرے نمبر (2nd Highest) پر آنے والا ٹھیکیدار ٹھیکہ لینے کا پابند ہوگا ورنہ اس کی بھی سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی اور فرم کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا

46۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی رقم تین برابر اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلی قسط | 50% | پہلی قسط کامیاب بولی 3 دن کے اندر |
| دوسری قسط | 25% | دوسری قسط ٹھیکہ کے دو ماہ کے بعد |
| تیسری قسط | 25% | تیسری قسط ٹھیکہ کے چار ماہ کے بعد |

بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور تمام ادا شدہ رقم بمعہ رقم زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ تمام سرکاری ملازمین، وکلاء، صحافی ٹوکن سے مستثنٰی ہوں گے مگر وہ ہر حال میں اپنی سواری پارکنگ ایریا میں کھڑی کرنے کے پابند ہوں گے۔

47۔ اوپن بولی میں صرف ٹیکنیکلی منظور شدہ فرم حصہ لے گی۔

48۔ ٹھیکیدار کو پارکنگ اسٹینڈ کی جگہ پر ہی پارکنگ اسٹینڈ لگانے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ کمیٹی کوئی بھی پوائنٹ تبدیل کر سکتی ہے۔

49۔ ٹھیکیدار کا ایف بی آر اور پی آر اے سے رجسٹرڈ / ایکٹو سٹیٹس ہونا لازمی ہے۔

50۔ ٹھیکیدار کا سٹی ڈسٹرکٹ کا لائسنس 2024-25 ساتھ لگانا لازمی ہوگا۔ اور بولی والے دن اصل لائسنس ہمراہ لانا ہوگا۔ جس ٹھیکیدار کے پاس اصل لائسنس نہیں ہوگا وہ بولی میں نہیں بیٹھ سکے گا۔

51۔ کامیاب بولی دہندہ ایوارڈ لیٹر کے بعد 5 فیصد پرفارمنس گارنٹی جمع کرانے کا مجاز ہوگا۔

52۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کے عائد کردہ ٹیکس بشمول ایڈوانس انکم ٹیکس وغیرہ کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ ایوارڈ لیٹر کے فوراً بعد (تین دن کے اندر) انکم ٹیکس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

53۔ ٹھیکہ / بولی سابقہ ٹھیکہ کی رقم سے 10 فیصد اضافے سے شروع کی جائے گی۔

54۔ ٹھیکیدار کو تین سال کا انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس ساتھ لگانا لازمی ہوگا۔

55۔ ٹھیکیدار کا جنرل سیلز ٹیکس (GST) ایکٹو ہوگا اور آئن لائن بقایا نہیں ہوں گے وہی ٹھیکیدار بولی دینے کا مجاز ہوگا۔

56۔ ٹھیکیدار کو کمپنی کی رجسٹریشن ساتھ لگانا ہوگی۔

57۔ ٹھیکیدار کو EOBI کی رجسٹریشن ساتھ لگانا ہوگی۔

کامیاب ٹھیکیدار تمام شرائط 1 تا 57 بیان حلفی (مبلغ -/100 روپے) دینے کا پابند ہوگا (اوتھ کمشنر سے تصدیق و اندراج کروا کر دے گا)

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی
ڈیرہ غازی خان

CS CamScanner

# رجسٹریشن فارم نیلام عام/ٹھیکہ برائے پارکنگ اسٹینڈ
# برائے مالی سال 25-2024 سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی
# ڈیرہ غازی خان۔

**جناب میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان۔**

شرائط نامہ برائے ٹھیکہ پارکنگ اسٹینڈ سردار فتح محمد خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈیرہ غازی خان شامل تمام شرائط قبول کرتے ہوئے (سیریل نمبر 1 تا سیریل نمبر 57) میں/ہم/ ہماری فرم نیلام عام ٹھیکہ برائے کینٹین میں حصہ لینے کے خواہشمند ہیں۔ میرا/ہمارا/ ہماری فرم کو مقصد کے لئے رجسٹرڈ فرمایا جائے تا کہ نیلام عام میں حصہ لے سکیں۔

**کوائف درج ذیل ہیں:**

نام:.................................................والد کا نام:.................................................

پتہ:.......................................................................................................

ٹیلیفون نمبر دوکان:.............................گھر:.............................انکم ٹیکس نمبر:.............................

قومی شناختی کارڈ نمبر:.......................................................لائسنس نمبر:.............................

دستخط ٹینڈر دہندہ:.............................................

تاریخ:.............................................

دفتر استعمال کیلئے

رسید نمبر جس کے تحت ٹینڈر فارم خرید ا گیا۔

# ٹینڈر / بولی نوٹس برائے مالی سال 2024-25

## پارکنگ اسٹینڈ سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈیرہ غازی خان

1. ٹھیکہ ہذا کی مدت 30 جون 2025 تک ہوگی اور ٹینڈر ہذا زیادہ سے زیادہ رقم پر ہے، جس کی ٹیکنیکل بڈ مکمل ہوگی اس فرم کو بولی دینے کا حق ہوگا۔
2. ٹینڈر ہذا کے ساتھ سرٹیفکیٹ لف کرنا ہوگا کہ وہ کسی بھی محکمہ سے بلیک لسٹ نہ ہو۔
3. ٹینڈر مبلغ -/2000 روپے ناقابل واپسی میں دفتر سے خریدا جاسکتا ہے۔
4. ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی وانکم ٹیکس رجسٹریشن کی کاپی ساتھ لف کرنا ہوگی۔
5. انکم ٹیکس بمطابق گورنمنٹ وضع کردہ قانون کے مطابق جمع کروانا ہوگا۔
6. منظور شدہ ٹھیکیدار کو تمام شرائط اسٹامپ پیپر پر لکھ کر فراہم کرنا ہوں گی اور ساتھ لف کرنا ہوگا۔
7. ٹینڈر ہذا ٹینڈر فارم بھر کر دینا ہوگا جس پر کسی قسم کی کٹنگ قابل قبول نہ ہوگی کٹنگ والا ٹینڈر منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے۔
8. ٹینڈر ہذا اور درج ذیل تاریخ کو ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔
9. اگر کسی وجہ سے ٹینڈر مقررہ تاریخ کو نہیں کھولا جاسکا تو اس سے اگلے دن یعنی 31-07-2024 یا پھر 01-08-2024 کو ٹینڈر بولی ہوگی۔
10. اوپن بولی میں صرف ٹیکنیکلی منظور شدہ فرم حصہ لے گی۔
11. جس تاریخ سے ٹھیکہ کا پروسس مکمل ہوگا اس دن سے 30 جون 2025 تک ہوگا۔
12. کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ کا تجربہ رکھنے والی فرم کو ترجیح دی جائے گی۔

| زرضمانت | ٹینڈر وصول کرنے کی آخری تاریخ | ٹینڈر کھولنے کی تاریخ | اوپن بولی |
|---|---|---|---|
| پارکنگ اسٹینڈ سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈیرہ غازیخان -/1,000,000 روپے | 30-07-2024 9:30 بجے | 30-07-2024 10:00 بجے دن | 30-07-2024 12:00 بجے دن |

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
سردار فتح محمد خان بزدار انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی
ڈیرہ غازی خان

IPL-6634